Darul-Uloom Nadwat-ul-Ulama
P. O. Box 93, Lucknow-226007 (INDIA)
Phones : 2741272 (G.House) 2740151 Fax : 2741231, 2741221
e-mail : Nadwa@sancharnet.in

دار العلوم لندوۃ العلماء
ص، ب، ۹۳، لکناؤ، الهند

Date 06/03/2023 Ref D.U.N./M/888

اعلان برائے جدید داخلہ

تعلیمی سال (۴۵-۱۴۴۴ھ مطابق ۲۴-۲۰۲۳ء) کے لیے دارالعلوم ندوۃ العلماء میں داخلہ کا اعلان کیا جارہا ہے۔

داخلہ سے متعلق ضروری ہدایات حسب ذیل ہیں:

۱۔ جدید داخلہ فارم ۲۰/شعبان المعظم ۱۴۴۴ھ مطابق ۱۳/مارچ ۲۰۲۳ء تا ۱۲/رمضان المبارک ۱۴۴۴ھ مطابق ۴/اپریل ۲۰۲۳ء تک آن لائن دستیاب ہوگا، اس کے بعد سائٹ بند کردی جائے گی۔

۲۔ جدید داخلہ فارم برائے خصوصی درجات اردو وعربی (اول ودوم)، حفظ، ثالثہ ادب وعلیا اولی ادب (تکمیل)، ثانویہ درجات وحفظ معہد دارالعلوم سکروری، nadwa.in ویب سائٹ پر موجود ہے، مطلوبہ کاغذات (مارکشیٹ، آدھار کارڈ، ٹی سی وغیرہ) منسلک (attach) کرکے جدید داخلہ فارم پُر کریں۔

۳۔ خصوصی درجات اردو میں داخلہ کے خواہش مند طلبہ کے لیے کم از کم انٹر کامیاب ہونا ضروری ہے اور وہ اردو زبان میں بے تکلف پڑھ اور لکھ سکتے ہوں۔

۴۔ داخلہ فارم کی فیس پانچ سو پچیس (=/525) روپے بذریعہ آن لائن https://www.nadwa.in پر فارم پر کرنے کے بعد جمع کریں۔

۵۔ جب داخلہ فارم کی منظوری بذریعہ ایس ایم ایس (SMS) آپ کو موصول ہوجائے تب ہی متعینہ تاریخ میں اپنے اصل کاغذات (مارکشیٹ، آدھار کارڈ، ٹی سی/تصدیق نامہ وغیرہ) کے ساتھ دارالعلوم آکر تحریری ٹیسٹ میں شریک ہوں۔ داخلہ فارم کی منظوری کے بغیر دارالعلوم ہرگز نہ آئیں۔

۶۔ ٹیسٹ کی تاریخ ۱۲/شوال ۱۴۴۴ھ مطابق ۳/مئی ۲۰۲۳ء ہے۔

۷۔ ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے طلبہ کی کاؤنسلنگ (کاغذات کی چیکنگ) کے بعد داخلہ کی کارروائی مکمل کی جائے گی۔

۸۔ شعبہ حفظ:

اس میں انہی طلبہ کا داخلہ ہوسکے گا جن کی عمر کم از کم دس سال اور زیادہ سے زیادہ ۱۴/سال ہو اور کم از کم تین پارہ حفظ ہوں۔

۹۔ معہد دارالعلوم سکروری:

معہد دارالعلوم سکروری میں داخلہ کے لیے مندرجہ ذیل درجات کے لیے فارم پُر کیے جاسکتے ہیں:

الف۔ ثانویہ اولی، ثانویہ ثانیہ، ثانویہ ثالثہ، ثانویہ رابعہ، ثانویہ خامسہ اور حفظ۔

ب۔ درجہ اعدادیہ میں حفظ مع دور مکمل کرنے والے طلبہ کا داخلہ ہوگا۔

۱۰۔ داخلہ امتحان میں کامیاب ہونے کے بعد ہی باضابطہ داخلہ کی کارروائی ہوگی۔

مدیر دارالعلوم ندوۃ العلماء

مدیر (پرنسپل)
دارالعلوم ندوۃ العلماء، لکھنؤ